سلسلہ : رسائلِ فتاوٰی رضویہ

جلد: تیسویں

رسالہ نمبر 9

# قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام ۱۲۹۶ھ

صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم

## سرور عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے سایہ کی نفی میں کامل چاند



پیشکش : مجلسِ آئی ٹی (دعوتِ اسلامی)

# رسالہ

# قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ۱۲۹۶ھ

## (سرورِ عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے سایہ کی نفی میں کامل چاند)

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

**مسئلہ ۴۴:** کیافرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے جسم اقدس کا سایہ تھا یا نہیں؟ بینوا توجروا (بیان کرو اجر پاؤگے۔ت)

**الجواب:**

| | |
|---|---|
| ومن اللہ توفیق الصدق والصواب ولا حول قوۃ الا باللہ العزیز الوھاب، اللھم صل وسلم وبارك علی السراج المنیر الشارق والقمر الزاھر البارق وعلٰی اٰلہٖ واصحابہٖ اجمعین۔ | اللہ تعالٰی کی طرف سے ہی سچائی اور درستگی کی توفیق ہے۔نہ گناہ سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ ہی نیکی کرنے کی قوت مگر عزت والے بہت عطافرمانے والے اللہ کی توفیق سے۔اے اللہ! درود وسلام اور برکت نازل فرما روشن چمکدار چراغ اور خوشنما تابناک چاند پر اور آپ کی آل پر اور تمام صحابہ پر۔(ت) |

بیشک اس مہر سپہر اصطفاء، ماہ منیر اجتباء صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے لئے سایہ نہ تھااور یہ امر احادیث واقوال ائمہ کرام سے ثابت، اکابر ائمہ وعلماء فضلاء کہ آج کل کے مدعیان خام کار کو ان کی شاگردی بلکہ انکے کلام کے سمجھنے کی لیاقت نہیں، خلفاً، سلفاً، دائماً اپنی تصانیف میں اس معنٰی کی تصریح فرماتے آئے اور اس پر دلائل باہرہ وحجج قاہرہ قائم، جن پر مفتی عقل و قاضی نقل نے باہم اتفاق کرکے ان کی تاسیس وتشیید کی۔آج تک کسی عالم دین اسے اس کا انکار منقول نہ ہوا یہاں تک کہ وہ لوگ پیدا ہوئے جنہوں نے دین میں ابتداع اور نیا مذہب اختراع اور ہوائے نفس کا اتباع کیا اور یہ سبب اس سوء رنجش کے جو انکے دلوں میں اس رؤف ورحیم نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی طرف سے تھی، انکے محو فضائل ورد معجزات کی فکر میں پڑے حتی کہ معجزۂ شق القمر جو بخاری و مسلم کی احادیث صحیحہ بلکہ خود قرآن عظیم و وحی حکیم کی شہادت حقہ اور اہل سنت وجماعت کے اجماع سے ثابت، ان صاحبوں میں سے بعض جری بہادروں نے اسے بھی غلط ٹھہرایا اور اسلام کی پیشانی پر کلف کا دھبہ لگایا۔ فقیر کو حیرت ہے کہ ان بزرگواروں نے اس میں اپنا کیا فائدہ دینی یا دنیاوی سمجھا ہے۔

اے عزیز! ایمان، رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی محبت سے مربوط ہے اور آتش جاں سوز جہنم سے نجات انکی الفت پر منوط (منحصر ہے۔ت) جو ان سے محبت نہیں رکھتا، واللہ کہ ایمان کی بو اس کے مشام (ناک) تک نہ آئی، وہ خود فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| لایؤمن احدکم حتی اکون احب الیه من والدہٖ و ولدہٖ والناس اجمعین[1]۔ | تم میں سے کسی کو ایمان حاصل نہیں ہوتا جب تک میں اس کے ماں باپ اور اولاد، سب آدمیوں سے زیادہ پیارا نہ ہوں۔ |

اور آفتاب نیم روز کی طرح روشن کہ آدمی ہمہ تن اپنے محبوب کے نشر فضائل وتکثیر مدائح میں مشغول رہتا ہے اور جو بات اس کی خوبی اور تعریف کی سنتا ہے کیسی خوشی اور طیب خاطر سے اظہار کرتا ہے، سچی فضیلتوں کا مٹانا اور شام وسحر نفی اوصاف کی فکر میں رہنا کام دشمن کا ہے نہ کہ دوست کا۔

جان برادر! تو نے کبھی سنا ہے کہ جس کو تجھ سے الفت صادقہ ہے وہ تیری اچھی بات سن کر چیں بہ جبیں ہو اور اس کی محو کی فکر میں رہے اور پھر محبوب بھی کیسا، جان ایمان وکان احسان، جس کے جمال

[1] صحیح البخاری کتاب الایمان باب حب الرسول صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۷، صحیح مسلم کتاب الایمان باب وجوب محبۃ الرسول صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۴۹

جہاں آراء کا نظیر کہیں نہ ملے گااور خامہ قدرت نے اس کی تصویر بنا کر ہاتھ کھینچ لیا کہ پھر کبھی ایسا نہ لکھے گا، کیسا محبوب، جسے اس کے مالک نے تمام جہان کے لئے رحمت بھیجا۔ کیسا محبوب، جس نے اپنے تن پر ایک عالم کا بار اٹھالیا۔ کیسا محبوب، جس نے تمہارے غم میں دن کا کھانا، رات کا سونا ترک کردیا، تم رات دن اس کی نافرمانیوں میں منہمک اور لہو ولعب میں مشغول ہواور زوہ تمہاری بخشش کے لئے شب وروز گریاں وملول۔

شب، کہ اللہ جل جلالہ، نے آسائش کے لئے بنائی، اپنے تسکین بخش پر دے چھوڑے ہوئے موقوف ہے، صبح قریب ہے، ٹھنڈی نسیموں کا پنکھا ہو رہا ہے، ہر ایک کا جی اس وقت آرام کی طرف جھکتا ہے، بادشاہ اپنے گرم بستروں، نرم تکیوں میں مست خواب ناز ہے اور جو محتاج بے نوا ہے اس کے بھی پاؤں دو گز کی کملی میں دراز، ایسے سہانے وقت، ٹھنڈے زمانہ میں، وہ معصوم، بے گناہ، پاک داماں، عصمت پناہ اپنی راحت وآسائش کو چھوڑ، خواب وآرام سے منہ موڑ، جبین نیاز آستانہ عزت پر رکھے ہے کہ الٰہی! میری امت سیاہ کار ہے، در گزر فرما، اور انکے تمام جسموں کو آتش دوزخ سے بچا۔

جب وہ جان راحت کان رافت پیدا ہوا بارگاہ الٰہی میں سجدہ کیا اور **رب ھب لی امتی**[2] فرمایا، جب قبر شریف میں اتارا لب جاں بخش کو جنبش تھی، بعض صحابہ نے کان لگا کر سنا آہستہ آہستہ **امتی امتی**[3] فرماتے تھے۔ قیامت کے روز کہ عجب سختی کا دن ہے، تانبے کی زمین، ننگے پاؤں، زبانیں پیاس سے، باہر، آفتاب سروں پر، سائے کا پتہ نہیں، حساب کا دغدغہ، ملک قہار کا سامنا، عالم اپنی فکر میں گرفتار ہوگا، مجرمان بے یار دام آفت کے گرفتار، جدھر جائیں گے سوا **نفسی نفسی اذھبوا الی غیری**[4] کچھ جواب نہ پائیں گے، اس وقت یہی محبوب غمگسار کام آئے گا، قفل شفاعت اس کے زور بازو سے کھل جائے گا، عمامہ سراقدس سے اتاریں گے اور سربسجود ہو کر "**یارب امتی**[5]"۔ فرمائینگے۔

وائے بے انصافی! ایسے غم خوار پیارے کے نام پر جان نثار کرنا اور مدح وستائش ونشر فضائل سے اپنی آنکھوں کو روشنی اور دل کو ٹھنڈک دینا واجب یا یہ کی حق الوسع چاند پر خاک ڈالے اور ان روشن خوبیوں میں انکار کی شاخیں نکالے۔

---

2

3

[4] صحیح مسلم کتاب الایمان باب اثبات الشفاعۃ الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۱۱۱

[5] صحیح مسلم کتاب الایمان باب اثبات الشفاعۃ الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۱۱۱

مانا کہ ہمیں احسان شناسی سے حصہ نہ ملا، نہ قلب عشق آشنا ہے کہ حسن پسند یا احسان دوست، مگر یہ تو وہاں چل سکے جس کا احسان اگر نہ مانئے، اس کی مخالفت کیجئے تو کوئی مضرت نہ پہنچے اور یہ محبوب تو ایسا ہے کہ بے اس کی کفش بوسی کے جہنم سے نجات میسر، نہ دنیا و عقبٰی میں کہیں ٹھکانا متصور، پھر اگر اس کے حسن واحسان پر والہ وشیدانہ ہو تو اپنے نفع وضر رکے لحاظ سے عقیدت رکھو۔

اے عزیز! چشم خرد میں سرمۂ انصاف لگا اور گوش قبول سے پنبہ انکار نکال، پھر تمام اہل اسلام بلکہ ہر مذہب وملت کے عقلاء سے پوچھتا پھر عشاق کا اپنے محبوب کے ساتھ کیا طریقہ ہوتا ہے اور غلاموں کو مولٰی کے ساتھ کیا کرنا چاہیے، آیا نشر فضائل و تکثیر مدائح اور ان کی خوبی حسن سن کر باغ باغ ہو جانا، جامے میں پھولا نہ سمانا یا رد محاسن، نفی کمالات اور ان کے اوصاف حمیدہ سے بہ انکار و تکذیب پیش آنا، اگر ایک عاقل منصف بھی تجھ سے کہہ دے کہ نہ وہ دوستی کا مقتضی نہ یہ غلامی کے خلاف ہے تو تجھے اختیار ہے ورنہ خدا اور سول سے شرما اور اس حرکت بے جا سے باز آ، یقین جان لے کہ محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خوبیاں تیرے مٹائے سے نہ مٹیں گی۔

جان برادر! اپنے ایمان پر رحم کر، خدائے قہار وجبار جل جلالہ، سے لڑائی نہ باندھ، وہ تیرے اور تمام جہان کی پیدائش سے پہلے ازل میں لکھ چکا تھا "**وَرَفَعْنَالَكَ ذِكْرَكَ**"[6] یعنی ارشاد ہوتا ہے اے محبوب ہمارے! ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر بُلند کیا کہ جہاں ہماری یاد ہوگی تمہارا بھی چرچا ہوگا اور ایمان بے تمہاری یاد کے ہر گز پورا نہ ہوگا، آسمانوں کے طبقے اور زمینوں کے پردے تمہارے نام نامی سے گونجیں گے، مؤذن اذانوں اور خطیب خطبوں اور ذاکرین اپنی مجالس اور واعظین اپنے منابِر پر ہمارے ذکر کے ساتھ تمہاری یاد کریں گے۔ اشجار واحجار، آہُو وسوسمار ودیگر جاندار واطفال شیر خوار ومعبودان کفار جس طرح ہماری توحید بتائیں گے ویسا ہی بہ زبان فصیح وبیان صحیح تمہارا منشور رسالت پڑھ کر سنائیں گے، چار اکناف عالم میں **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** کا غلغلہ ہوگا، جز اشقیائے ازل ہر ذرہ کلمہ شہادت پڑھتا ہوگا، مسبحانِ ملاء اعلٰی کو ادھر اپنی تسبیح وتقدیس میں مصروف کروں گا اُدھر تمہارے محمود درودِ مسعود کا حکم دوں گا۔ عرش وکرسی، ہفت اوراق سردہ، قصور جناں، جہاں پر اللہ لکھوں گا۔ **محمد رسول اللہ** بھی تحریر فرماؤں گا، اپنے پیغمبروں اور اولوالعزم رسولوں کو ارشاد کروں گا کہ ہر وقت تمہارا دم بھریں اور تمہاری یاد سے اپنی آنکھوں کو روشنی اور جگر کو ٹھنڈک اور قلب کو تسکین اور بزم کو تزئین دیں۔ جو کتاب نازل کروں گا اس میں

---

[6] القرآن الکریم ۹۴/۴

تمہاری مدح وستائش اور جمال صورت و کمال سیرت ایسی تشریح وتوضیح سے بیان کروں گا کہ سننے والوں کے دل بے اختیار تمہاری طرف جھک جائیں اور نادیدہ تمہارے عشق کی شمع ان کے کانوں، سینوں میں بھڑک اٹھے گی۔ایک عالم اگر تمہارا دشمن ہو کر تمہاری تنقیص شان اور محو فضائل میں مشغول ہو تو میں قادر مطلق ہوں، میرے ساتھ کسی کا کای بس چلے گا۔آخر اسی وعدے کا اثر تھا کہ یہود صدہا برس سے اپنی کتابوں سے ان کا ذکر نکالتے اور چاند پر خاک ڈالتے ہیں تو اہل ایمان اس بُلند آواز سے ان کی نعت سناتے ہیں کہ سامع اگر انصاف کرے بے ساختہ پکار اٹھے۔لاکھوں بے دینوں نے ان کے محو فضائل پر کمر باندھی، مگر مٹانے والے خود مٹ گئے اور ان کی خوبی روز بروز مترقی رہی، پھر اپنے مقصود سے تو یاس و نا امیدی کرلینا مناسب ہے ورنہ برب کعبہ ان کا کچھ نقصان نہیں، بالآخر ایک دن تو نہیں، تیرا ایمان نہیں۔

اے عزیز! سلف صالح کی روش اختیار کر اور ان کے قدم پر قدم رکھ، ائمہ دین کا وطیرہ ایسے معاملات میں دائماً تسلیم وقبول رہا ہے، جب کسی ثقہ معتمد علیہ نے کوئی معجزہ یا خاصہ ذکر کردیا اسے مرحبا کہہ لیا اور حبیب جان میں بہ طیب خاطر جگہ دی، یہاں تک کہ اگر اپنے آپ احادیث میں اس کی اصل نہ پائی، قصور اپنی نظر کا جانا، یہ نہ کہا کہ غلط ہے، باطل ہے، کسی حدیث میں وارد نہیں، نہ یہی ہوا کہ جب حدیث سے ثبوت نہ ملا تھا اس کے ذکر سے باز رہتے بلکہ اسی طرح اپنی تصانیف میں اس کے ذکر سے باز رہتے بلکہ اسی طرح اپنی تصانیف میں اس ثقہ کے اعتماد پر اسے لکھتے آئے، اور کیوں نہ ہو، مقتضٰی عقل سلیم کا یہی ہے کہ:

**فائدہ جلیلہ**: جب ہم اسے ثقہ معتمد عیہ مان چکے اور وقوع ایسے معجزے کا یا اختصاص ایسے خاصہ کا ذات پاک سرور عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے بعید نہیں کہ اس سے عجیب تر معجزات بہ تواتر حضور سے ثابت، اور ان کا رب اس سے زیادہ پر قادر، اور ان کے لئے اس سے بہتر خصائص بالقطع مہیا اور ان کی شان اس سے بھی ارفع واعلٰی، پھر انکار کی وجہ کیا ہے، تکذیب میں تو اس راوی سے ثقہ معتمد علیہ ہونا ثابت ہوچکا اور وثوق واعتماد اس کا بتاتا ہے کہ اگر من عند نفسہٖ کہہ دیتا خدا اور رسول پر مفتری ہوتا،

| | |
|---|---|
| "وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا" [7]۔ | اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ باندھے۔(ت) |

ان وجوہ پر نظر کرکے سمجھ لیجئے کہ بالضرور اس نے حدیث پائی، گو ہماری نظر میں نہ آئی۔ہر چند کہ فقیر کا یہ دعوی اس شخص کے نزدیک بالکل بدیہی ہے جو خدمت حدیث وسِیَر میں رہا اور اس راہ میں روشِ علماء

[7] القرآن الکریم ۱۱/۱۸

کو مشاہدہ کیا مگر ناواقفوں کے افہام اور منکروں پر الزام کے لئے چند مثالیں بیان کرتا ہوں:

**اولاً:** جسم اقدس ولباس انفس پر مکھی نہ بیٹھنا۔علامہ ابن سبع نے خصائص میں ذکر فرمایا علماء نے تصریح کی اس کا راوی معلوم نہ ہوا، اور باوجود اس کے بلا نکیر اپنی کتابوں میں اسے ذکر فرماتے آئے۔شفاءِ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ میں ہے:

| | |
|---|---|
| وان الذباب کان لایقع علی جسدہٖ ولا ثیابہ[8]۔ | مکھی آپ کے جسم اقدس اور لباس اطہر پر نہ بیٹھی تھی۔ |

امام جلال الدین سیوطی خصائص کبرٰی میں فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| باب ذکر القاضی عیاض فی الشفاء والعراقی فی مولدہٖ ان من خصائصہٖ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انہ کان لا ینزل علیہ الزباب،وذکرہ ابن سبع فی الخصائص بلفظ انہ لم یقع علی ثیابہ ذباب قط و زاد ان من خصائصہ ان القمل لم تکن یؤذیہ[9]۔ | قاضی عیاض نے شفاء میں اور عراقی نے اپنی مولد میں ذکر کیا کہ حضور کی خصوصیات میں سے یہ بھی ہے کہ مکھی آپ پر نہ بیٹھتی تھی۔ابن سبع میں ان لفظوں سے ذکر کیا کہ مکھی آپ کے کپڑوں پر کبھی نہ بیٹھی۔اور یہ بھی زیادہ کیا کہ جوئیں آپ کو نہیں ستاتی تھیں۔ |

شیخ ملا علی قاری شرح شمائل ترمذی میں فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| ونقل الفخر الرازی ان الذباب کان لایقع علی ثیابہ وان البعوض لایمتص دمہ[10]۔ | رازی نے نقل کیا کہ مکھیاں آپ کے کپڑوں پر نہیں بیٹھتی تھیں اور مچھر آپ کا خون نہیں چوستے تھے۔ |

علامہ خفاجی نے "نسیم الریاض" میں علماء کا وہ قول کہ اس کا راوی نہ معلوم ہوا، نقل کیا، اور اس خاصہ کی نسبت لکھا کہ ایک کرامت ہے کہ حق سبحانہ وتعالٰی نے اپنے حبیب کو عطا کی اور اپنے نتائج افکار سے ایک رباعی لکھی کہ اس اس میں بھی اس خاصہ کی تصریح ہے اور بعض علماء عجم نے اسی بناء پر کلمہ محمد رسول اللہ کے سب حروف بے نقطہ ہوتے ہیں، ایک لطیفہ لکھا کہ آپ کے جسم پر مکھی نہ بیٹھتی تھی، لہٰذا یہ کلمہ پاک کلی نقطوں سے محفوظ رہا کہ وہ شبیہ مکھیوں کے ہیں۔ پھر اسی مضمون پر دوسری

---

[8] الشفاء بتعریف حقوق المصطفٰی فصل ومن ذالك ماظھر من الآیات عند مولدہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱/۲۲۵

[9] الخصائص الکبرٰی باب ذکر القاضی عیاض فی الشفاء والعراقی فی مولدہ مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۱/۶۸

[10] شمائل ترمذی

عبارت:

| | |
|---|---|
| عبارته برمته: ومن دلائل نبوته صلی الله تعالٰی علیه وسلم ان الذباب کان لایقع علی ثیابه هذا مما قاله ابن سبع الا انهم قالوا لایعلم من روی هذہ و الذباب واحدہ ذبابة قیل انه سمی به لانه کلما اذب آب ای کلما طرد رجع وهذا مما اکرمه الله به لانه طهرہ الله من جمیع الاقذار وهو مع استقذارہ قدی یجیئ من مستقذر قیل وقد نقل مثلها عن ولی الله العارف به الشیخ عبدالقادر الکیلانی ولابعد فیه لان معجزات الانبیاء قد تکون کرامة لاولیاء امته وفی رباعیة لی ۔<br>من اکرم مرسل عظیم حلا<br>لم تدن ذبابة اذا ماحلا<br>هذا عجب ولم یذق ذونظر<br>فی الموجودات من حلاہ احلا<br>وتظرف بعض علماء العجم فقال محمد رسول الله لیس فیه حرف منقوط لان الموجود ان النقط تشبه الذباب فصین اسمه ونعمته کما قلت فی مدحه صلی الله تعالٰی علیه وسلم ۔<br>لقد ذب الذباب فلیس یعلو<br>رسول الله محمودا محمد | ان کی مکمل عبارت یہ ہے: آپ کے دلائل نبوت سے یہ بھی ہے کہ مکھی آپ کے نہ تو ظاہری جسم پر بیٹھتی تھی اور نہ لباس پر، یہ ابن سبع نے کہا۔ محدثین نے کہا کہ اس کا راوی معلوم نہیں۔ ذباب کا واحد ذبابۃ ہے۔ کہتے ہیں اس کا یہ نام اس لئے ہے کہ اس کو جب بھی بھگا یا جاتا ہے واپس آجاتی ہے۔ یہ کرامت آپکو اس لئے عطا ہوئی کہ اللہ نے آپ کو پاک رکھا تھا۔ شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالٰی عنہ کے بارے میں یہی کہا جاتا ہے اور اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں کیونکہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جو چیز نبی کا معجزہ ہوتی ہے وہ بطور کرامت ولی کے ہاتھ سے سرزد ہو جاتی ہے اور میں (خفاجی) نے ایک رباعی کہی ہے:<br>''آپ بزرگ ترین، عظیم، مٹھاس والے رسول ہیں، یہ عجیب بات ہے کہ آپ کی مٹھاس کے باوجود مکھی آپ کے قریب نہ جاتی تھی اور کسی بھی صاحب نظر نے موجودات میں آپ کی مٹھاس سے زیادہ مٹھاس نہ چکھی۔''<br>اور بعض علماء عجم نے کہا کہ محمد رسول اللہ میں کوئی نقطہ نہیں ہے اس لئے کہ نقطہ مکھی کے مشابہ ہوتا ہے، عیب سے بچانے کے لئے اور آپ کی تعریف کے لئے میں نے آپ کی مدح میں کہا ہے:<br>" بلاشبہ اللہ نے مکھیوں کو آپ سے دور کر دیا تو |

| | |
|---|---|
| ونقط الحرف یحکیه بشکل لذاك الخط عنه قد تجرد[11]۔ | آپ پر مکھی نہیں بیٹھتی ہے،اللہ کے رسول محمود و محمد ہیں اور حروف کے نقطے جو شکل میں مکھی کی طرح ہیں ان سے بھی اللہ نے اس لئے آپ کو محفوظ رکھا۔" |

**ثانیًا:** ابن سبع نے حضور کے خصائص میں کہاجوں آپ کو ایذا نہ دیتی۔علامہ سیوطی نے خصائص کبرٰی میں اس طرح ابن سبع سے نقل کیا اور برقرار رکھا **کما مرّ** (جیسا کہ گزر چکا ہے۔ت) اورملا علی قاری شرح شمائل میں فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| ومن خواصه ان ثوبه لم یقمل[12]۔ | آپ کے مبارک کپڑوں میں جوئیں نہیں ہوتی تھیں۔(ت) |

**ثالثًا:** ابن سبع نے فرمایا جس جانور پر حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سوار ہوتے عمر بھر ویسا ہی رہتا اور حضور کی برکت سے بوڑھا نہ ہوتا۔علامہ سیوطی خصائص میں فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| **باب:** قال ابن سبع من خصائصه صلی الله تعالٰی علیه وسلم ان کال دابة رکبها بقیت علی القدر الزی کانت علیه ولم تهرم ببرکته[13] صلی الله تعالٰی علیه وسلم۔ | ابن سبع نے کہا کہ آپ کے خصائص میں سے یہ تھا کہ آپ جس جانور پر سوار ہوتے تو وہ عمر بھر ویسا ہی رہتا اورآپ کی برکت کے باعث بوڑھا نہ ہوتا، صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔ |

**رابعًا:** ابو عبدالرحمٰن بقے بن مخلد قرطبی رحمۃ اللہ علیہ نے،جو اکابر اعیان مائۃ ثالثہ سے ہیں حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالٰی عنہا سے حکایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم جیسا روشنی میں دیکھتے تھے ویسا ہی تاریکی میں۔اس حدیث کو بیہقی نے موصولاً مسنداً روایت کیا اورعلامہ خفاجی نے اکابر علماء مثل ابن بشکوال و عقیلی وابن جوزی و سہیلی سے اس کی تضعیف نقل کی، یہاں تک کہ ذہبی نے تو میزان الاعتدال میں موضوع ہی کہہ دیا۔بہ ایں ہمہ خود علامہ خفاجی فرماتے ہیں جیسا بقے بن محلہ وغیرہ ثقات نے اسے ذکر کیا اور حضور والا کی شان سے بعید نہیں تو اس کاانکار کس وجہ سے کیا جائے۔

| | |
|---|---|
| وهذا نصه ملتقطاً وحکی بقی ابن مخلد ابوعبد الرحمن مولده فی رمضان | اس کی عبارت بالاختصار یہ ہے: بقے بن مخلد ابوعبدالرحمٰن قرطبی جن کی ولادت رمضان المبارک |

---

[11] نسیم الریاض فی شرح شفاء القاضی عیاض فصل ومن ذٰلك ماظهر من الآیات الخ مرکز اہلسنت گجرات ہند ۳/۲۸۲

[12]

[13] الخصائص الکبرٰی قال ابن سبع من خصائصه صلی الله تعالٰی علیه وسلم مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۲/۲۴

| | |
|---|---|
| سنة احدٰی ومائتین وتوفی سنة ست وسبعین مائتین عن عائشة رضی الله تعالٰی عنها انها قالت کان النبی صلی الله تعالٰی علیه وسلم یری فی الظلمة کمایرٰی فی الضوء وفی روایة کمایرٰی فی النور ولا شك انه صلی الله تعالٰی علیه وسلم کان کامل الخلقة قوی الحواس فوقوع مثل هذا منه غیر بعید وقد رواه الثقات کابن مخلد هذا فلا وجه لانکاره[14]۔ | ۲۰۱ھ اور وصال ۲۷۶ھ میں ہے، نے کہا کہ عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے مروی ہے انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تاریکی میں دیکھا کرتے تھے۔او رایک روایت میں جس طرح کہ روشنی مین دیکھتے تھے۔اس میں کچھ شک نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم، کامل الخلقۃ، قوی الحواس تھے تو آپ سے اس کیفیت کا وقوع بعید نہیں، پھر اس کو ابن مخلد جیسے ثقات نے روایت کیا ہے لہذا اس کے انکار کی کوئی وجہ نہیں۔ |

**خامسًا:بسم اللہ الرحمن الرحیم**،اس سب سے زیادہ یہ ہے کہ باوجود حدیث کے شدید الضعف وغیر متمسک ہونے کے احیاء والدین، وسعت قدرت وعظمت شان رسالت پناہی پر نظر کرکے گردن تسلیم جھکائی اور سوا سلمنا وصدقنا کچھ بن نہ آئی۔

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے مروی ہوا، حجۃالوداع میں ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ساتھ تھے جب عقبہ حجون پر گزر ہوا حجور اشکبار ورنجیدہ ومغموم ہوئے، پھر تشریف لے گئے، جب لوٹ کر آئے چہر بشاش تھ اورلب تبسم ریز، میں نے سبب پوچھا، فرمایا، میں اپنی ماں کی قبر پر گیا اور خدا سے عرض کیا کہ انہیں زندہ کردے، وہ قبول ہوئی، اور وہ زندہ ہو کر ایمان لائیں اور پھر قبر میں آرام کیا۔

| | |
|---|---|
| اخرج الخطیب عن عائشة رضی الله تعالٰی عنها قالت حج بنا رسول الله صلی الله تعالٰی علیه وسلم فمربی علی عقبة الجحون وهو باك حزین مغتم ثم ذهب وعاد و هو فرح متبسم فسألته فقال ذهبت الی قبر امی | حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ہمارے ہمراہ حج کیا، جب عقبہ حجون پر پہنچے تو رو رہے تھے اور غمگین تھے، پھر آپ کہیں تشریف لے گئے، جب واپس آئے تو مسرور تھے اور تبسم فرما رہے تھے۔فرماتی ہیں میں نے سبب دریافت |

[14] نسیم الریاض فی شرح شفاء القاضی عیاض فصل اما وفور عقله الخ مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۱/۲۷۳و۲۷۳

| | |
|---|---|
| فسألت اللہ ان یحییہا فاٰمنت بی وردّھا اللہ [15]۔ | کیا تو آپ نے فرمایا: میں اپنی ماں کی قبر پر گیا تھا، میں نے اپنے اللہ سے سوال کیا، اس نے ان کو زندہ کیا، وہ ایمان لائیں اور پھر انتقال فرما گئیں۔ |

امام جلال الدین سیوطی خصائص میں فرماتے ہیں: اس کی سند میں مجاہیل ہیں، اور سہیلی نے ام المومنین سے احیائے والدین ذکر کرکے کہا: اس کے اسناد میں مجہولین ہیں اور حدیث سخت منکر اور صحیح کے معارض۔

| | |
|---|---|
| ففی مجمع بحار الانوار روح احیاء ابوی النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم حتی امنا بہ. قال فی اسنادہ مجاھیل وانہ ح منکر جدا یعارضہ ماثبت فی الصحیح [16]۔ | مجمع بحار الانوار میں ہے کہ اللہ تعالٰی نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے والدین کو زندہ فرمایا وہ آپ پر ایمان لائے۔ اس کے اسناد میں مجاہیل ہیں اور یہ حدیث سخت منکر اور صحیح کے معارض ہے۔ |

بایں ہمہ اسی مجمع بحار الانوار میں لکھتے ہیں:

| | |
|---|---|
| فی المقاصد الحسنۃ واما احسن ماقال۔<br>حبا اللہ النبی مزید فضل<br>علی فضل وکان بہ رؤوفا<br>فاحیٰی امہ وکذا اباہ<br>لایمان بہ فضلا لطیفا<br>نسلم فالقدیم بذا قدیر<br>وان کان الحدیث بہ ضعیفا [17] | حاصل یہ مقاصد میں ہے اور کیا خوب کہا، خدا نے نبی کو فضل پر فضل زیادہ عطا فرمائے اور ان پر نہایت مہربان تھا، پس ان کے والدین کو ان پر ایمان لانے کے لئے زندہ کیا اور اپنے فضل لطیف سے، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ قدیم تو اس پر قدرت رکھتا ہے اگرچہ جو حدیث اس معنٰی میں وارد ہوئی، ضعیف ہے۔ |

اے عزیز! سنا تو نے، یہ ہے طریقہ اراکین دین متین واساطین شرح متین، رسول اللہ

---

[15] الخصائص الکبرٰی بحوالہ الخطیب باب ماوقع فی حجۃ الوداع الخ مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۴۰/۲

[16] مجمع بحار الانوار فصل فی تعیین بعض الاحادیث المشتہرۃ الخ دار الایمان مدینۃ المنورۃ ۲۳۶/۵

[17] مجمع بحار الانوار فصل فی تعیین بعض الاحادیث المشتہرۃ الخ دار الایمان مدینۃ المنورۃ ۲۳۶/۵

صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی تعظیم و محبت میں، نہ یہ کہ جو معجزہ وخاصہ حضور کا احادیث صحیحہ سے ثابت اور اکابر علماء برابر اپنی تصانیف معتبرہ مستندہ میں، جن کا اعتبار واستناد آفتاب نیمروز سے روشن تر ہے، بلانکیر ومنکر اس کی تصریح کرتے آئے ہوں اور اس کے ساتھ عقل سلیم نے ان پر وہ دلائل ساطعہ قائم کئے ہوں جن پر کوئی حرف نہ رکھ سکے، بایں ہمہ اس سے انکار کیجئے اور حق ثابت کے رد پر اصرار، حالانکہ نہ ان حدیثوں میں کوئی سقم مقبول وجرح معقول مے دارو، نہ ان ائمہ کے مستند بادلائل معتمد ہونے میں کلام کرسکو، پھر اس مکابرہ کج بحثی اور تحکم وزبردستی کا کیا علاج، زبان ہر ایک کی اس کے اختیار میں ہے چاہے دن کو رات کہہ دے یا شمس کو ظلمات۔

آخر تم جو انکار کرتے ہو تو تمہارے پاس بھی کوئی دلیل ہے یا فقط اپنے منہ سے کہہ دینا، اگر بفرض محال جو حدیثیں اس باب میں وارد ہوئیں نامعتبر ہوں اور جن جن علماء نے اس کی تصریح فرمائی انہیں بھی قابل اعتماد نہ مانو اور جو دلائل قاطعہ اس پر قائم ہوئے وہ بھی صالح التفات نہ کہے جائیں، تاہم انکار کا کیا ثبوت اور وجود سایہ کا کس بناء پر، اگر کوئی حدیث اس بارے میں آئی ہو تو دکھاؤ یا گھر بیٹھے تمہیں الہام ہوا ہو تو بتاؤ، مجرد ماومن پر قیاس تو ایمان کے خلاف ہے ع

چہ نسبت خاک راعالم پاک

(مٹی کو عالم پاک سے کیا نسبت۔ت)

وہ بشر ہیں مگر عالم علوی سے لاکھ درجہ اشرف واحسن، وہ انسان ہیں مگر ارواح وملائکہ سے ہزار درجہ الطف، وہ خود فرماتے ہیں: **لست کمثلکم** "میں تم جیسا نہیں" **رواہ الشیخان**[18] (اسے امام بخاری اور امام مسلم نے روایت کیا۔ت) **ویروٰی لست کھیئتکم**[19]۔ "میں تمہاری ہیئت پر نہیں۔" **ویروٰی ایکم مثلی**[20] "تم میں کون مجھ جیسا ہے۔"

---

[18] صحیح البخاری کتاب الصوم باب الوصال قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۲۶۳، صحیح مسلم کتاب الصیام باب النهی عن الوصال قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۳۵۱و۳۵۲،

[19] صحیح البخاری کتاب الصوم باب الوصال قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۲۶۳و۲۶۴، صحیح مسلم کتاب الصیام باب النهی عن الوصال قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۳۵۱و۳۵۲

[20] صحیح البخاری کتاب الصوم باب الوصال قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۲۶۳، صحیح مسلم کتاب الصیام باب النهی عن الوصال قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۳۵۱

آخر علامہ خفاجی کو فرماتے سنا: آپ کا بشر ہونا اور نور و درخشندہ ہونا منافی نہیں کہ اگر مجھے تو وہ نور علی نور ہیں، پھر اس خیال فاسد پر کہ ہم سب کا سایہ ہوتا ہے ان کا بھی ہوگا تو ثبوت سایہ کا قائل ہونا عقل وایمان سے کس درجہ دور پڑتا ہے۔

محمد بشر لاکالبشر بل ھو یاقوب بین الحجر[21]

(محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ایسے بشر ہیں جن جیسا کوئی بشر نہیں، بلکہ وہ پتھروں کے درمیان یاقوت ہیں۔ت)

صلی اللہ تعالٰی علیہ وعلٰی اٰلہ وصحبہ اجمعین۔

**القائے جواب:** ایقاظ دفع بعض اوہام وامراض میں، اس مقام پر باوجودیکہ قلب بحمد اللہ غایت اطمینان وتسلیم پر تھا مگر مرتبہ کاوش وتنقیح میں بوسوسہ ایک خدشہ ذہن ناقص میں گزرا تھا یہاں تک کہ حق جل وعلانے اپنے کرم عمیم سے فقیر کو اس کا جواب القاء فرمایا جس سے تصور کو نور اور دل منتظر کو سرور حاصل ہوا۔

| | |
|---|---|
| الحمد للہ علی ما اولی والصلوٰۃ والسلام علی ھذا المولی۔ | سب تعریفیں اللہ کے لئے جو تعریفوں کے لائق ہے اور درود و سلام آقائے دوجہاں پر۔ |

**فاقول:** وباللہ التوفیق (چنانچہ میں کہتا ہوں اور توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ت)

مقدمہ اولٰی: حادیث صحیحہ سے ثبت کہ صحابہ کرام رجوان اللہ تعالٰی علیہم اجمعین حضور رسالت میں نہایت ادب ووقار سے سر جھکائے، آنکھیں نیچی کئے بیٹھے، رعب جلال سلطانی ان کے قلوب صافیہ پر ایسا مستولی ہوتا کہ اوپر نگاہ اٹھانا ممکن نہ تھا۔

| | |
|---|---|
| خ عن مستور بن مخرمۃ ومروان ابن الحکم فی حدیث طویل فی قصۃ الحدیبیۃ ثم ان عروۃ جعل یرمق اصحاب النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بعینیہ قال فواللہ ما تنخم رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نخامۃ الا وقعت فی کف رجل منھم فدلك بھا وجھہ وجلدہ واذا امرھم | مسور بن مخرمہ اور مروان بن الحکم حدیبیہ کے طویل قصے میں ذکر کرتے ہیں کہ عروہ اصحاب نبی کو گھور رہا تھا، اس نے کہا کہ بخدا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے جب بھی ناک سُنکی تو کسی نہ کسی صحابی کے ہاتھ میں پڑی اور اس نے اپنے چہرے پر ملی اور اپنے جسم پر لگائی، جب آپ نے حکم دیا تو انہوں نے ماننے میں جلدی کی، جب آپ وضو |

[21] افضل الصلاۃ علی سید السادات فضائل درود مکتبہ نبویہ لاہور ۱۵۰

| | |
|---|---|
| ابتدروا امرہ واذا توضأ کادو ایقتتلون علی وجوئہ و اذا تکلم خفضوا اصواتھم عندہ وما یحدون النظر الیہ تعظیما لہ فرجع عمروۃ الی اصحاب فقال ای قوم واللہ لقد وفدت علی الملوك قیصر و کسرٰی و النجاشی واللہ ان مارأیت ملکا قط یعظمہ اصحابہ ما یعظم اصحاب محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم [22]۔ | فرماتے تو وہ وضو کا پانی لینے پر لڑنے کے قریب ہوجاتے، اور جب گفتگو فرماتے تو صحابہ اپنی آوازیں پست کرلیتے اور آپ کی تعظیم کی وجہ سے آپ کی طرف نگاہ نہ کرپاتے تھے، تو وہ اپنے ساتھیوں کی طرف لوٹ آیا اور کاہ میں قیصر وکسرٰی و نجاشی کے درباروں میں آیا مگر ایسا کوئی بادشاہ نہ دیکھا جس کی تعظیم اس کے ساتھی ایسے کرتے ہوں جیسی محمد کی ان کے صحابی کرتے ہیں۔ |

اسی وجہ سے حلیہ شریف میں اکثر اکابر صحابہ سے حدیثیں وارد ہیں کہ وہ نگاہ بھر کر نہ دیکھ سکتے بلکہ نظر اوپر نہ اٹھاتے کما سیأتی (جیسا کہ آگے آرہا ہے۔ت) بلکہ اس معنٰی میں کسی حدیث کے ورود کی بھی حاجت کیا تھی، عقل سلیم خود گواہی دیتی ہے کہ ادنٰی ادنٰی نوابوں اور والیوں کے حاضرین دربار ان کے ساتھ کس ادب سے پیش آتے ہیں، اگر کھڑے ہیں تو نگاہ قدموں سے تجاوز نہیں کرتی، بیٹھے ہیں تو زانو سے آگے قدم نہیں رکھتے، خود اس حاکم سے نگاہ چار نہیں کرتے، پس وپیش یا دائیں بائیں دیکھنا تو بڑی بات ہے حالانکہ اس ادب کو صحابہ کرام کے ادب سے کیا نسبت، ایمان ان کے دلوں میں پہاڑ سے زیادہ گراں تھا اور دربار اقدس کی حاضری ان کے نزدیک ملک السمٰوٰت والارض کا سامنا اور کیوں نہ ہوتا کہ خود قرآن عزیز نے انہیں صدہا جگہ کان کھول کھول کر سنا دیا کہ ہمارا اور ہمارے محبوب کا معاملہ واحد ہے، اس کا مطیع ہمارا فرمانبردار اور اس کا عاصی ہمارا گنہگار، ان سے الفت ہمارے ساتھ محبت اور ان سے رنجش ہم سے عداوت، ان کی تکریم ہماری تعظیم اور ان کے ساتھ گستاخی ہماری بے ادبی، لہٰذا جب ملازمت والا حاصل ہوئی قلب ان کے خوف خدا سے ممتلی اور گردنیں خم اور آنکھیں نیچی اور آوازیں پست اور اعضاء ساکن ہوجاتے۔ایسی حالت میں نظر این وآں کی طرف کب ہوسکتی ہے جو سیاہ کے عدم یا وجود کی طرف خیال جائے اور بالضرور ایسے سراپا ادب، ہمہ تن تعظیم لوگوں کی نگاہ اپنے عرش پائے گاہ کی طرف بے غرض مہم نہ ہوگی، اس حالت میں نفس کو اس مقصود کی طرف توجہ ہوگی، مثلاً نظارہ جمال

[22] صحیح البخاری باب الشروط فی الجھاد والمصالحۃ مع اہل الحرب الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۳۷۹/۱، الخصائص الکبرٰی باب ماوقع عام الحدیبیۃ من الآیات مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۲۴۰/۱ و ۲۴۱

باکمال یا حضور کا مطالعہ افعال واعمال، تاکہ خود ان کا اتباع کریں اور غائبین تک روایت پہنچائیں کہ وہ حاملان شریعت تھے اور راویان ملت اور حاضری دربار اقدس سے ان کی غرض اعظم یہی تھی، جب نگاہ اس رعب وہیبت اور اس ضرورت وحاجت کے ساتھ اٹھے تو عقل گواہ ہے کہ ایسی حالت میں ادھر ادھر دھیان نہیں جائے گا کہ قامت اقدس کا سایہ ہمیں نظر نہ آیا، آخر نہ سنا کہ ایک ان کا نماز میں مصروف ہوتا، تکبیر کے ساتھ دونوں جہاں سے ہاتھ اٹھاتا، کوئی چیز سامنے گزرے اطلاع نہ ہوتی، اور کیسا ہی شور وغوغا ہو کان تک آواز نہ جاتی یہاں تک کہ مسلم[23] بن یسار کہ تابعین میں ہیں نماز پڑھتے تھے، مسجد کا ستون گرپڑا، لوگ جمع ہوئے، شور وغوغا ہوا، انہیں مطلق خبر نہ ہوئی، یہی حالت صحابہ کی حضور رسالت میں تھی اور دربار نبوت میں بارگاہ عزت باری۔

اے عزیز! زیادہ خوض بیکار ہے، تو اپنے ہی نفس کی طرف رجوع کر، اگر کسی مقام پر عالم رعب وہیبت میں تیرا گزر ہوا ہو، وہاں جو کچھ پیش نظر آتا ہے اسے بھی اچھے طور پر ادراک کامل نہیں کرسکتا، نہ امر معدوم کی طرف خیال کیا جائے کہ مثلاً اگر تجھے کسی والی ملک سے ایسی ضرورت پیش آئے جس کی فکر تجھے دنیا ومافیہا پر مقدم ہوا اور اس کے دربار تک رسائی کرکے اپنا عرض حال کرے تو تجھے اول تو رعب سلطانی، دوسرے اپنی اس ضرورت کی طرف قلب کو نگرانی ہر چیز کی طرف توجہ سے مانع ہوں گے۔ پھر اگر تو واپس آئے اور تجھ سے سوال ہو وہاں دیواروں میں سنگ موسٰی تھا یا سنگ مرمر اور تخت کے پائے سیمیں تھے یا زریں اور مسند کا رنگ سبز تھا یا سرخ؟ ہرگز ایک بات کا جواب نہ دے سکے گا بلکہ خود اسی بات کو پوچھا جائے کہ بادشاہ کا سایہ تھا یا نہ تھا، تو اگرچہ اس قیاس پر کہ سب آدمیوں کے لئے ظل ہے، ہاں کہہ دے مگر اپنے معائنے سے جواب نہ دے سکے گا۔

صحابہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پر تو اول روز ملامت سے تا آخر حیات جو کیفیت رعب وہیبت کی طاری رہی، ہماری عقول ناقصہ اس کی مقدار کے ادراک سے بھی عاجز ہیں، پھر ان کی نظر اوپر اٹھ سکتی اور چپ وراست دیکھ سکتی کہ سائے کے عدم یا وجود پر اطلاع ہوتی۔

**ثمّ اقول:** (پھر میں کہتا ہوں۔ت) اپنے نفس پر قیاس کرکے گمان نہ کرنا چاہیے کہ بعد مرورزمان وتکرر حضور کے، ان کی اس حالت میں کمی ہوجاتی بلکہ بالیقین روز بروز زیادہ ہوتی کہ باعث اس پر دو[۲] امر ہیں: ایک خوف کہ اس عظمت کے تصور سے پیدا ہوا جو اس سلطان دوعالم کو بارگاہ ملک

[23]

السمٰوٰت والارض جل جلالہ میں حاصل ہے۔دوسری محبت ایمانی کہ مستلزم خشوع کو اور منافی جرات وبیباکی،اور یہ ظاہر کہ جس قدر دربار والا میں حضوری زائد ہوتی۔

یہ دونوں امر جو اس پر باعث ہیں بڑھتے جاتے، حضور کے اخلاق وعادات اور رحمت والطاف معائنے میں آتے، حسن واحسان کے جلوے ہر دم لطف تازہ دکھاتے، قرآن آنکھوں کے سامنے نازل ہوتا اور طرح طرح سے اس بارگاہ کے آداب سکھاتا اور ظاہر فرماتا کہ:

**آداب بارگاہ:** ہمارا ان کا معاملہ واحد ہے، جو ان کا گلام ہے ہمارا قائد ہے،انکے حضور آواز بُلند کرنے سے عمل حبط ہوجاتے ہیں، انہیں نام لے کر پکارنے والے سخت سزائیں پاتے ہیں،اپنے جان ودل کا انہیں مالک جانو،ان کے حضور زندہ بدست مردہ ہو جاؤ،ہماراذکر انکی یاد کے ساتھ ہے،ان کا ہاتھ بعینہٖ ہمارا ہاتھ ہے،ان کی رحمت ہماری مہر،ان کا غضب ہمارا قہر،جس قدر ملازمت زیادہ ہوتی حضور کی عظمت ومحبت ترقی پاتی اور وہ حال مذکور یعنی خشوع وخضوع ورعب ہیبت روزافزوں کرتی **قال تعالٰی** "**فَزَادَتْهُمْ اِیْمَانًا**"[24]۔(اللہ تعالٰی نے فرمایا کہ آیات ان کے ایمان کو زیادہ کرتی ہیں۔ت) اور ایمان حضور کی تعظیم ومحبت کا نام ہے، **کمالایخفٰی** (جیسا کہ پوشیدہ نہیں۔ت)

**مقدّمہ ثانیہ:** **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ط پر ظاہر کہ آدمی بلاوجہ کسی بات کے درپے تفتیش نہیں ہوتا اور جو بات عام وشامل ہوتی ہے اور تمام آدمی اس میں یکساں کسی شخص خاص میں بالقصد اس کی طرف غور نہیں کرتا،مثلاہر ہاتھ کی پانچ انگلیاں ہونا ایک امر عام ہے لہٰذا بلاسبب کسی آدمی کی انگلیوں کو کوئی شخص اس مقصد خاص سے نہیں دیکھتا کہ اس کی انگلیاں پانچ ہیں یا کم، ہاں اگر پہلے سے سن رکھا ہو کہ زید کی انگلیاں چار ہیں یا چھ تو اس صورت میں البتہ بقصد مذکور نظر کی جائے گی۔اسی طرح سایہ ایک امر عام شامل ہے،اگر بعض آدمیوں کا سایہ پڑتا اور بعض کا نہیں تو البتہ بے شک خیال جانے کی بات تھی کہ دیکھیں حضور کے بھی سایہ ہے یا نہیں،نہ اس سے کوئی امر دینی مثل اتباع واقتداء کے متعلق تھا کہ اس کے خیال سے بالقصد اس طرف لحاظ کیا جاتا،ہاں ایسی صورت میں ادراک کا طریقہ یہ ہے کہ بے قصد وتوجہ خاص نظر پڑ جائے اور وہ صورت بعد تکرر مشاہدہ ذہن میں منقش اور مثل مربیات قصد یہ کے خزانہ خیال میں مخزون ہوجائے،مثلا زید کہ ہمارا دوست ہے،ہم اپنے مشاہدے کی رو سے بتاسکتے ہیں کہ اس کے ہر ہاتھ کی انگلیاں پانچ ہیں اگرچہ ہم نے کبھی اس قصد سے اس کے ہاتھوں کو نہیں دیکھا ہے مگر ہم نے اس کے

---

[24] القرآن الکریم ۹/۱۲۴

ہاتھوں کو بارہا دیکھا ہے، وہ صورت خزانہ میں محفوظ ہے، نفس اسے اپنے حضور حاضر کرکے بتاسکتا ہے لیکن ہم مقدمہ اولٰی میں ثابت کرآئے ہیں کہ یہ طریقہ ادراک وہاں معدوم تھا کہ رعب وہیبت اور امور مہمہ کی طرف توجہ اور حضور کے استماع اقوال و مطالعہ افعال ہمہ تن صرف ہمت اور نگاہ کا بسبب غایت ادب وخوف الٰہی کے اپنے زانو وپشت پا سے تجاوز نہ کرنا اس ادراک بلا قصہ سے مانع قوی تھا علی الخصوص کسی شے کا عدم کہ وہ تو کوئی امر محسوس نہیں جس پر بے ارادہ بھی نگاہ پڑ جائے اور نفس اسے یاد رکھے، یہاں تو جب تک خیال نہ کیا جائے علم عدم حاصل نہ ہوگا، آدمی جب ایسے مقام رعب وہیبت اور قلب کی مشغولی و مشغوفی میں ہوتا ہے تو کسی چیز کا عدم رؤیت سے اس کے عدم پر استدلال نہیں کرتا اور جب اذہان میں بناء برعادت اس کا عموم وشمول متمکن ہوتا ہے تو برخلاف عادت اس کے معدوم ہونے کی طرف خیال نہیں جاتا بلکہ اس سے اگر تفتیش کی جائے اور اس امر کی طرف خیال دلایا جائے تو خواہ مخواہ اس کا گمان اس طرف مسارعت کرتا ہے کہ جب یہ امر عام ہے تو ظاہرًا یہاں بھی ہوگا۔ میرا نہ دیکھان کچھ نہ ہونے پر دلیل نہیں، میری نظر میں نہ آنا اس وجہ سے تھا کہ اول میری نگاہ ادھر ادھر نہ اٹھتی تھی اور جو اٹھی بھی تو ہزار رعب، ہیبت اور نفس کے امور دیگر کی طرف صرف ہمت کے ساتھ ایسی حالت میں کیسے کہہ سکوں گا کہ تھا یا نہ تھا۔

**ثم اقول:** یہ کیفیت تو اس وقت کی تھی جب صحابہ کرام حضور سے ملاقی ہوتے اور جو ہمراہ رکاب سعادت انتساب ہوتے تو وہاں باوجود ان وجوہ کے ایک وجہ اور بھی تھی کہ غالب اوقات صحابہ کرام کو آگے چلنے کا حکم ہوتا اور حضور ان کے پیچھے چلتے۔

ترمذی نے شمائل کی حدیث طویل میں حضرت ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا: **یسوق اصحابہ**[25]

یعنی حضور والا صحابہ کرام کو اپنے آگے چلاتے۔ امام احمد نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہما سے رایت کیا:

| | |
|---|---|
| **مارأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم یطأعقبہ رجلان**[26]۔ | حاصل یہ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو نہ دیکھا کہ دو آدمی بھی حضور کے پیچھے چلے ہوں۔ |

[25] شمائل ترمذی باب ماجاء فی خلق رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم امین کمپنی دہلی ص ۲

[26] مسند احمد بن حنبل عن عبداللہ بن عمرو بن العاص المکتب الاسلامی بیروت ۱۶۵/۲، سنن ابن ماجہ باب من کرہ ان یوطأ عقباہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۲۲

جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا:

| | |
|---|---|
| کان اصحابه رسول الله صلی الله تعالٰی علیه وسلم یمشون امامه ویکون ظهره للملئکة[27]۔ | اصحاب، نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے آگے چلتے اور پشت اقدس فرشتوں کے لئے چھوڑتے۔ |

دارمی نے بہ اسناد صحیح مرفوعًا روایت کیاکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: خلوا ظهری للملئکة[28]۔ میری پیٹھ فرشتوں کے لئے چھوڑ دو۔

بالجملہ ہمای راس تقریر سے جو بالکل وجدانیات پر مشتمل ہے، کوئی شخص اگر مکابرہ نہ کرے، بالیقین اس کا دل ان سب کیفیات کے صدق پر گواہی دے، بخوبی ظاہر ہوگیا کہ ظاہرًااکثر صحابہ کرام کا خیال اس طرف نہ گیا اور اس معجزے کی انہیں اطلاع نہ ہوئی اور اگر یہ بر سبیل تنزل ثابت ومبرہن ہوجانا نہ مانئے توان تقریروں کی بناء پر یہ توکہہ سکتے ہیں کہ عدم اطلاع کا احتمال قوی ہے، قوت بھی جانے دو اتنا ہی سہی کہ شک واقع ہوگیا، پھر یہی استدلال سن کر کہ اگر ایسا ہوتا تو مثل حدیث ستون حنانہ مشہور و مستفیض ہوتا، کب باقی رہا، خصم کہہ سکتا ہے کہ ممکن ہے عدم شہرت بسبب عدم اطلاع کے ہو کماذ کرناوباللہ التوفیق (جیسا کہ ہم نے اللہ تعالٰی کی توفیق سے کہا۔ت)

**مقدمہ ثالثہ:** ہماری تنقیح سابق سے یہ لازم نہیں آتا کہ بالکل کسی کو اس معجزے پر اطلاع نہ ہو اور کوئی اسے روایت نہ کرے، صغیر السن بچوں کو بعض اوقات اس قسم کی جراتیں حاصل ہوتی ہیں اور وہ اسی طریقہ سے جو ہم نے مقدمہ ثانیہ میں ذکر کیا ادراک کر سکتے ہیں، اسی سبب سے اکثر احادیث حلیہ شریفہ ہند ابن ابی ہالہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مشتہر ہوئیں نہ کہ اکابر صحابہ سے۔ ترجمہ ابن ابی ہالہ میں علامہ خفاجی فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| و کان ربیب رسول الله صلی الله تعالٰی علیه وسلم اخا لفاطمة (رضی الله تعالٰی عنها) وخال | ہند ابن ابی ہالہ رضی اللہ تعالٰی عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے زیر سایہ پرورش پانے والے تھے۔ آپ سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالٰی عنہا |

[27] سنن ابن ماجه باب من کرہ ان یوطأ عقباہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۲۲، مسند احمد بن حنبل عن جابر رضی الله تعالٰی عنه المکتب الاسلامی بیروت ۳/ ۳۰۲، موارد الظلمان کتاب علامات نبوۃ نبینا صلی الله تعالٰی علیه حدیث ۲۰۹۹ المطبعة السلفیة ص ۵۱۵

[28] سنن الدارمی تحت الحدیث ۴۶ دار المحاسن للطباعة قاہرہ ۱/ ۲۹

| | |
|---|---|
| الحسنین رضی اللہ تعالٰی عنهم فکان لصغرہ یتشبع من النظر لرسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم و یدیم النظر لوجهه الکریم لکونه عندہ داخل بیته فلذا اشتهر وصف النبی صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم عنه دون غیرہ من کبار الصحابة رضی اللہ تعالٰی عنهم فانهم لکبرهم کانوا یهابون اطالة النظر الیه صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم فاحاط به نظرہ احاطة الهالة بالبدر و الاکمام بالثمر هنیئا له مع ان ماقاله قطرة من بحر[29]۔ | کے بھائی (اخیافی) اور حسنین کریمین رضی اللہ تعالٰی تعالٰی عنہما کے ماموں تھے۔آپ صغر سنی میں نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو سیر ہو کر دیکھتے اور چہرہ اقدس پر ہمیشہ نگاہ ٹکائے رکھتے کیونکہ آپ حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے پاس آپ کے گھر میں رہتے تھے۔یہی وجہ ہے کہ حلیہ رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا وصف ہند بن ابی ہالہ سے مشتہر ہوا نہ کہ اکابر صحابہ سے، رضی اللہ تعالٰی عنہم اجمعین۔ کیونکہ صحابہ کبار شان وعظمت رسول صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی ہیبت کے باعث آپ پر نظریں نہیں ٹکا سکتے تھے۔ ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کی نظر رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا یوں احاطہ کرتی تھی جیسا کہ ہالہ چودھویں کے چاند کا اور کلیاں کھجوروں کا احاطہ کرتی ہیں۔آپ کو یہ سعادت مبارک ہو۔ مگر اس کے باوجود جو کچھ ابن ابی ہالہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے بیان فرمایا وہ ایسے ہی ہے جیسے سمندر سے ایک قطرہ۔(ت) |

اور ہم ذی علم جانتا ہے کہ سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہمازمانہ نبوت میں صغیر السن تھے اور ان کا شمار بہ اعتبار عمر اصاغر صحابہ میں ہے اگرچہ بہ برکت سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم علم وفقاہت میں اکثر شیوخ پر مقدم تھے۔

وعلی تفنن عاشقیه بوصفه　　　　یفنی الزمان وفیه مالم یوصف[30]

قسم قسم کی تعریفیں کرتے ہوئے اس کے عاشقوں کو زمانے ختم ہوگئے مگر اس میں وہ خوبیاں ہیں جن کو بیان نہیں کیا جاسکا۔ ت)

صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

[29] نسیم الریاض فی شرح شفاء القاضی عیاض فصل ثالث مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۱/۳۲۷

[30] نسیم الریاض فی شرح شفاء القاضی عیاض فصل ثالث مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۱/۳۲۷

**مقدمہ رابعہ:** صحابہ کرام میں ہزاروں ایسے ہیں جنہیں طول صحبت نصیب نہ ہوا اور بہت ایسے ہیں جنہوں نے سوائے مجامع عظیم کے شرف زیارت نہ پایا۔ غیر مدینہ کے گروہ کے گروہ حاضر ہوتے اور عرصہ قلیلہ میں واپس جاتے، ایسی صورت اور مجمع کی کثرت میں موقع سایہ پر نظر اور اس کے ساتھ عدم سایہ کی طرف خیال جانا کیا ضرور۔ ظاہر ہے کہ مجمع میں سایہ ایک کا دوسرے سے ممتاز نہیں ہوتا اور کسی شخص خاص کی طرف نسبت امتیاز کرنا کہ اس کے لئے ظل ہے یا نہیں، دشوار ہوتا ہے۔ علاوہ بریں یہ کس نے واجب کیا کہ ان اوقات پر حضور والا دھوپ یا چاندنی میں جلوہ فرما ہوں، کیا مدینہ طیبہ میں سایہ دار مکان نہ تھے یا مسجد شریف کہ اکثر وہیں تشریف رکھتے بے سقف تھی۔

احادیث سے ثابت کہ سفر میں صحابہ کرام حضور کے لئے سایہ دار پیڑ چھوڑ دیتے اور جو کہیں سایہ نہ ملا تو کپڑے وغیرہ کا سایہ کرلیا جیسا کہ روز قدوم مدینہ طیبہ سید نا ابی بکر صدیق اور حجۃ الوداع میں واقع ہوا اور قبل از بعثت تو ابر سایہ کے لئے متعین تھا ہی، جب چلتے ساتھ چلتا او رجب ٹھہرتے ٹھہر جاتا، اور ام المومنین خدیجہ رضی اللہ تعالٰی عنہا اور ان کے غلام میسرہ نے فرشتوں کو سر اقدس پر سایہ کرتے دیکھا اور سفر شام میں آپ کسی حاجت کو تشریف لے گئے تھے، لوگوں نے پیڑ کا سایہ گھیر لیا تھا، حضور دھوپ میں بیٹھ گئے سایہ حضور پر جھک گیا۔ بحیر اعالم نصاری نے کہا دیکھو سایہ ان کی طرف جھکتا ہے۔ اور بعض اسفار میں ایک درخت خشک وبے برگ کے نیچے جلوس فرمایا، فوراً زمین حضور کے گرد کی سبزہ زار ہوگئی اور پیڑ ہرا ہوگیا، شاخیں اسی ساعت بڑھ گئیں اور اپنی کمال بُلندی کو پہنچ کر سائے کہ کئے حضور پر لٹک آئیں۔ چنانچہ یہ سب حدیثیں کتب سیر میں تفصیلا مذکور ہیں۔

اب نہ رہے مگر وہ لوگ جنہیں طول صحبت روزی ہوا اور حضور کو آفتاب یا ماہتاب یا چراغ کی روشنی میں ایسی حالت میں دیکھا کہ مجمع بھی کم تھا اور موقع سایہ پر بالقصد نظر بھی کی اور ادراک کیا کہ جسم انور ہمسائیگی سایہ سے دور ہے، اور ظاہر ہے کہ ان سب کا احساس وانکشاف جن لوگوں کے لئے ہوا ہے وہ بہت کم ہیں، جن کے واسطے نہ ہوا پھر اس طائفہ قلیلہ سے یہ کیا ضرور ہے کہ ہر شخص یا اکثر اس معجزے کو روایت کرے، ہم نہیں تسلیم کرتے کہ مجرد خرق عادت باعث توفر دواعی ونقل جمیع اکثر حاضرین ہے۔ خادم حدیث پر کالشمس فی نصف النہار روشن کو صدہا معجزات قاہرہ حضور سے غزوت واسفار ومجامع عامہ میں واقع ہوئے کہ سیکڑوں ہزاروں آدمیوں نے ان پر اطلاع پائی مگر ان کی ہم تک نقل صرف احاد سے پہنچی۔

واقعہ حدیبیہ میں انگشتان اقدس سے پانی کا دریا کی طرف جوش مارنا اور چودہ پندرہ سو آدمی کا

علی اختلاف الروایات اسے پینا اور وضو کرنا اور بقیہ توشہ کو جمع کرکے دعا فرمانا اور اس سے لشکر کے سب برتن بھر دینا اور اسی قدر باقی بچ رہنا، ایسے معجزات میں ہیں اور بالضرور چودہ پندرہ سو آدمی سب کے سامنے اس کا وقوع ہوا اور سب نے اس پر اطلاع پائی مگر ان میں سے چودہ نے بھی اسے روایت نہ فرمایا۔

فقیر نے کتب حاضرہ احادیث خصوصا وہ کتابیں سیر وفضائل کی جن کا موضوع ہی اس قسم کی باتوں کا تذکرہ ہے مانند شفائے قاضی عیاض وشرح خفاجی ومواہب لدنیہ وشرح زرقانی ومدارج النبوۃ وخصائص کبری علامہ جلال الدین سیوطی وغیرہا مطالعہ کیں، پانچ سے زیادہ راوی اس واقعے کے نہ پائے۔ اسی طرح رد شمس یعنی غروب ہو کر سورج کا لوٹ آنا اور مغرب سے عصر کا وقت ہو جانا جو غزوہ خیبر میں مولی علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ کے لئے واقع ہوا۔ کیسی عجیب بات ہے کہ عدم ظل کو اس سے اصلا نسبت نہیں اور اس کا وقوع بھی ایک غزوہ میں ہوا **کماذکرنا** (جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔ت) اور تعداد لشکر خیبر کی سولہ سو[۱۶۰۰]، بالضرور یہ سب حضرات اس پر گواہ ہونگے کہ ہر نمازی مسلمان خصوصا صحابہ کرام کو بغرض نماز آفتاب کے طلوع وغروب زوال کی طرف لاجرم نظر ہوتی ہے۔

توریت میں وصف اس امت مرحوم کا رعاۃ الشّمس کے ساتھ وارد ہوا **کمارواہ ابو نعیم عن کعب الاحبار عن سیدنا موسی علیہ الصلوۃ والسلام** (جیسا کہ اس کو ابو نعیم نے بحوالہ کعب الاحبار عن سیدنا موسی علیہ الصلوۃ والسلام سے روایت کیا ہے۔ ت) یعنی آفتاب کے نگہبان کہ اس کے تبدل احوال اور شروق وافول زوال کے جویاں وخبر گیران رہتے تھے، جب آفتاب نے غروب کیا ہوگا بالضرور تمام لشکر نے نماز کا تہیہ کیا ہوگا، دفعۃً شام سے دن ہو گیا ور خورشید الٹے پاؤں آیا، کیا ایسے عجیب واقعہ کو دریافت نہ کیا اور نہ معلوم ہوا ہوگا کہ اس کے حکم سے لوٹا ہے جسے قادر مطلق کی نیابت مطلقہ اور عالم علوی میں دست بالا حاصل ہے (صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم) لیکن اس کے سوا اگر کسی صاحب کو معلوم ہو کہ اتنی بڑی جماعت سے دو چار آدمیوں نے اور بھی اس معجزے کو روایت کیا تو نشان دیں۔

بالجملہ یہ حدیث واہبہ ہے جس کی بناء پر ہم عقل ونقل واتباع حدیث وعلماء کو ترک نہیں کرسکتے، کیا یہ اکابر اس قدر نہ سمجھتے تھے یا انہیں نے دیدہ ودانستہ خدا اور رسول پر افتراء گوارا کیا، **لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم**، بلکہ جب ایک راوی اس حدیث عدم ظل کے ذکوان ہیں اور وہ خود ابو صالح سمان زیات ہوں یا ابو عمر ومدنی مولائے صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہما **تردد فیہ الزرقانی** (اس میں زرقانی نے تردد کیا۔ت) بہر تقدیر تابعی ثقہ معتمد علیہ ہیں **کماذکرایضاو** ۰۰۰۰۰۰ اور تابعین وعلماء ثقات

اہل ورع واحتیاط سے مظنون یہی ہے کہ غالب حدیث کو مرسلا اسی وقت ذکر کریں گے جب انہیں شیوخ وصحابہ کثرین سے اسے سن کر مرتبہ قرب ویقین حاصل کرلیا ہو۔ابراہیم نخعی فرماتے ہیں اور وجہ اس کی ظاہر ہے کہ در صورت اسناد صدق و کذب سے اپنے آپ کو غرض نہ رہی۔جب ہم نے کلام کو اس کی طرف نسبت کردیا جس سے سنا ہے تو ہم بری الذمہ ہوگئے بخلاف اس کے کہ اس کا ذکر ترک کریں اور خود لکھیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا کیا، ایسا فرمایا، اس صورت میں بار اپنے سر پر رہا تو عالم ثقہ، متورع، محتاط، بے کثرت سماع واطمینان کلی قلب کے ایسی بات سے دور رہے گا۔اس طور پر ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سایہ نہ ہونا بہت صحابہ نے دیکھا اور ان سب سے ذکوان کو سماع حاصل ہوا اگرچہ ان کی روایات ہم تک نہ پہنچیں۔

| | |
|---|---|
| ھکذا اینبغی ان یفھم المقام وینقح المرام، واللہ ولی الفضل والتوفیق والانعام، ھذا وقد بقی بعد خبایا فی زوایا الکلام لعلہا یفوز بہا فکر وھذا کلہ وقد وجد مما الھمنی ربی بفضل منہ ونعمۃ لایجد من قلبی ان ربی لذو فضل عظیم انہ ھو الروف الرحیم ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العزیز الحکیم وظنی انی بحمد ربی الجلیل قد اثبت فی المسئلۃ مایشفی العلیل بالکثیر ولا بالقلیل، واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل انہ حسبی ونعم الوکیل اسالہ ان یجنبنی بہا و | اسی طرح طرح چاہیے مقام کی تفہیم اور مقصد کی تنقیح اللہ تعالیٰ ہی فضل وتوفیق اور انعام کامالک ہے۔ تحقیق ابھی کچھ پوشیدگیاں کلام کے گوشوں میں باقی ہیں۔امید ہے کہ فکر صائب ان تک رسائی حاصل کرلے گی۔یہ جو کچھ مذکور ہو امیرے رب نے اپنے فضل ونعمت سے میرے دل میں ڈالا ہے یہ میرے دل کی تخلیق نہیں ہے۔بے شک میرا رب بڑے فضل والا ہے اور وہ روف ورحیم ہے۔عزت وحکمت والے اللہ کی توفیق کے بغیر نہ گناہ سے بچنے کی طاقت ہے نہ نیکی کرنے کی قوت۔میرا گمان ہے کہ میں نے اپنے رب جلیل کی حمد سے مسئلہ مذکورہ میں وہ کچھ ثابت کردیا ہے جو بیمار کو شفادے گا اور پیاسے کو سیراب کرے گا اور قلّت وکثرت کے ساتھ مخل نہ ہوگا۔اللہ تعالیٰ حق فرماتا ہے اور راہ راست کی ہدایت فرماتا ہے بے شک وہ میرے لئے کافی ہے اور کیا ہی اچھا کارساز ہے، میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے اور |

| | |
|---|---|
| کل من زل زلۃ ویجعلھا ظلا ظلیلا علی روسنا یوم لا ظل الا ظلہ وان یصلی علی ابھی اقمار الرسالۃ وابھرھا و اسنی شموش الکرامۃ وانوارھا الذی لم یکن لہ ظل فی شمس ولا قمر وفدیات وصلہ ولی صحبہ والہ متظلین بأذیالہ الداعین الی نعم اظلالہ وعلینا معھم اجمعین برحمۃ انہ رؤف رحیم واخر دعونا ان الحمد للہ رب العلمین۔ | ہر لغزش کرنے والے کو اس کی برکت سے لغزش سے بچائے اور اسے ہمارے سروں پر گہرا سایہ بنائے جس روز اس کے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا۔ اللہ تعالٰی درود نازل فرمائے روشن ترین ماہتاب رسالت پر اور سب سے زیادہ چمکدار آفتاب کرامت اور اس کے انوار پر جس کا سایہ نہ تھا دھوپ میں نہ چاندنی میں، اور آپ کے صحابہ وآل پر جو آپ کے دامن رحمت کے سایہ میں ہیں اور آپ کے سایہ رحمت کے سایہ میں ہیں اور ز آپ کے سایہ رحمت کی نعمتوں کی طرف دعوت دینے والے ہیں، اور ان کے ساتھ ہم سب پر روف وحیم کی رحمت سے۔ (ت) |

رسالہ

قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم

ختم ہوا